
57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

**استارک کے نام ایک اور ریکارڈ**

آسٹریلیائی فاسٹ بالر مچل اسٹارک نے سابق پاکستانی کپتان وقار یونس کا ۳۲ سالہ ریکارڈ توڑ دیا۔ ۳۵ سالہ مچل اسٹارک نے رواں سال ۱۱ ٹیسٹ میچز میں ۱۷.۳۲ کی شاندار اوسط اور ۲۸.۳ کے بہترین اسٹرائیک ریٹ سے ۵۵ شکار کیے جو ایک کیلنڈر ایئر میں کم از کم ۵۰ وکٹیں لینے والے بالرز کی فہرست میں سب سے بہترین اسٹرائیک ریٹ ہے۔ (تفصیلات اندر)



**ملنگا بولنگ ایڈوائزر مقرر**

سری لنکا کرکٹ نے ورلڈ کپ کے لیے سابق عظیم فاسٹ بولر لسیتھ ملنگا کو فاسٹ بولنگ مشیر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ملنگا کی تقرری کا مقصد سری لنکن پیسرز کو جدید کرکٹ کے تقاضوں، خاص طور پر ڈیتھ اوورز میں نپی تلی بولنگ کے فن سے روشناس کروانا ہے۔ سری لنکا کرکٹ کے مطابق ملنگا کا یہ مشن ۱۵ دسمبر ۲۰۲۵ سے ۲۵ جنوری ۲۰۲۶ تک محیط ہو گا۔ (تفصیلات اندر)



www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 360 | صفحات: 08 | ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ بروز بدھوار بمطابق ۱۰ رجب ۱۴۴۷ | Wednesday 31st December 2025 | جلد نمبر 57


## بنگلہ دیش کی پہلی خاتون وزیر اعظم خالدہ ضیا انتقال کر گئیں

### وزیر اعظم نریندر مودی کا ایکس پوسٹ پر اظہار رنج وغم اور تعزیت



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے منگل کو بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم بیگم خالدہ ضیا کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا، "سابق وزیر اعظم اور بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی صدر بیگم خالدہ ضیا کے انتقال کی خبر سن کر گہرا دکھ ہوا۔ ان کے خاندان اور بنگلہ دیش کے تمام لوگوں کے ساتھ ہماری دلی تعزیت ہے۔ پسماندگان کو خدا اس المناک نقصان کو برداشت کرنے کی طاقت دے۔" بیگم ضیاء تین بار بنگلہ دیش کی وزیر اعظم رہیں اور انہوں نے ملک کی سیاست کی تشکیل اور ہندوستان اور بنگلہ دیش تعلقات کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ وزیر اعظم نے 2015 میں ڈھاکہ میں/1




## نیا سال منانے کیلئے گلمرگ کی طرف سیاحوں کا رش/محکمہ ٹورازم

### ہوٹلوں، گیسٹ ہاؤسز اور ہوم اسٹیٹس میں سو فیصد بُکنگ درج

سرینگر/ وادی کشمیر کے عالمی شہرت یافتہ سیاحتی مقام گلمرگ میں نئے سال کی تقریبات سے قبل ہی سیاحوں کی آمد بے حد بڑھ گئی ہے اور ہوٹلوں، گیسٹ ہاؤسز اور ہوم اسٹیٹس میں سو فیصد بُکنگ درج کی گئی ہے۔ گلمرگ میں موجود تقریباً تمام رہائشی سہولیات 27 دسمبر سے ہی مکمل طور پر بھری ہوئی ہیں، جس سے اس سال کے سرمائی سیزن کے غیر معمولی رش کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ محکمہ سیاحت کے حکام کے مطابق وادی میں برفباری کے امکانات اور نئے سال کی تقریبات نے گلمرگ میں سیاحوں کا ہجوم بڑھا دیا ہے۔ محکمے کے ایک اعلیٰ افسر نے بتایا کہ اس سال گلمرگ میں ریکارڈ تعداد میں سیاح پہنچے ہیں۔ اسی دوران سیاحوں کا کہنا ہے کہ گلمرگ کی برفباری، قدرتی حسن اور ایڈونچر سرگرمیاں اسے نئے سال منانے کے لیے بھارت کا سب سے بہترین مقام بناتی ہیں۔ گجرات سے آئے 27 سالہ سیاح امیت رانا نے بتایا: 'میں پہلی بار/2

## ہماری یکجہتی ہی ہماری طاقت اور کامیابی کیلئے بہت ضروری/LG

### جموں کی پارک میں ترنگا لہرایا اور سبھاش چندر بوس فلیگ پوائنٹ کا افتتاح کیا




جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے منگل کے روز جے ڈی اے پارک رام وہار جموں میں ترنگا لہرایا اور نیتا جی سبھاش چندر بوس فلیگ پوائنٹ کا اِفتتاح کیا۔ یہ تقریب 1943 میں اِنڈمان ونکوبار جزائر میں نیتا جی سبھاش چندر بوس کی جانب سے ہندوستانی سرزمین پر ترنگا لہرانے کی 82ویں سالانہ کے موقعہ پر منعقد کی گئی۔ نیتا جی نے 30 دسمبر 1943ء کو پورٹ بلیئر کو برطانوی حکمرانی سے آزاد قرار دیا اور تمام ہم وطنوں کو آزادی کے عزم سے سرشار کیا۔ آج کا/6

## وادی چناب میں VDGs کو تربیت

### خواتین رضا کار بھی شامل

بھدرواہ/ وادی چناب کے اونچے علاقوں میں انسداد دہشت گردی کے ایک سخت آپریشن کے درمیان، فوج نے ڈوڈا اضلع میں ولیج ڈیفنس گارڈز (VDGs) کو تربیت دے کر نچلی سطح پر سیکورٹی کو مضبوط بنانے کی کوششیں بھی تیز کر دی ہیں، حکام نے منگل کو کہا۔ انہوں نے کہا کہ ڈوڈہ-چمبا سرحد کے ساتھ واقع 17 دور دراز دیہاتوں کے تقریباً 150 وی ڈی جیز، جن میں خواتین رضا کار بھی شامل ہیں، خودکار رائفلوں سے نمٹنے، معمولی حکمت عملی، اپنے دفاع، بنکر کی تعمیر اور دشمن کے حملوں کو پسپا کرنے کی سخت تربیت حاصل کر رہے ہیں۔

## رواں سال میں بنگال میں بی جے پی حکومت قائم ہوگی/امیت شاہ

### ممتا بنرجی ناکام ہوگئیں، کانگریس صفر پر پہنچ گئی



کولکاتہ/نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منگل کو کہا کہ مغربی بنگال کے عوام ترنمول کانگریس حکومت کی 'بدانتظامی' سے بیزار ہیں اور تبدیلی چاہتے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ریاست کے آئندہ اسمبلی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو دو تہائی اکثریت سے کامیابی ملے گی۔ ریاست کے دورے پر آئے ہوئے مسٹر شاہ نے کولکاتہ میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ مغربی بنگال کے عوام ممتا بنرجی کی 14 سالہ بدانتظامی سے تنگ آ کر تبدیلی کا ذہن بنا چکے ہیں۔ انہوں نے امن و امان، خواتین کے تحفظ، صنعتوں کے ریاست سے باہر جانے، ترقی کی شرح میں گراوٹ اور فی کس آمدنی میں کمی سمیت کئی اہم مسائل پر ممتا حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا۔ مسٹر شاہ نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آئندہ اپریل میں/3

## سال نو کی آمد کے موقعہ پر سرحدوں پر نگرانی میں اضافہ

### دراندازی اور جنگ بندی کی خلاف ورزی کو ناکام بنانے کا مقصد

سرینگر/ یو این آئی/ نئے سال کی تقریبات سے قبل جموں وکشمیر میں لائن آف کنٹرول اور بین الاقوامی سرحد کے تمام حساس سیکٹرز میں بارڈر سیکورٹی فورس کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، سیکیورٹی ایجنسیوں نے سرحدی علاقوں میں نگرانی کو کئی گنا بڑھا دیا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ دراندازی، سیز فائر کی خلاف ورزی یا تخریبی کوشش کو ناکام بنایا جا سکے۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق گریز، اوڑی، کرناہ، ٹنگڈار، کیرن، مژھل، اور حدِ متارکہ کے دوسرے اہم سیکٹرز میں فوج اور بی ایس ایف کی جانب سے مسلسل گشت،/4

## بی جے پی سٹیٹ پریذیڈنٹ کا محبوبہ کو پاکستان جانے کا مشورہ

### بھارت کو لیچستان قرار دئے جانے کے پی ڈی پی لیڈر کے بیان کو بھوکھلاہٹ بتایا

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کی جانب سے بھارت کو لیچستان قرار دینے کے بیان کو بھارتیہ جنتا پارٹی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے کہا کہ یہ بوکھلاہٹ کا نتیجہ ہے۔ ان کی سوچ ناپائیدار ہے، ملک ہم سب کا ہے اور ہمیں بیان دیتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ یہ ملک کے مفاد میں ہے یا خلاف۔ بھارت کے خلاف بیان دینے والوں کو چاہیے کہ وہ بنگلہ دیش یا پاکستان میں رہیں کوئی روکنے والا نہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے سٹیٹ پریذیڈنٹ نے کہا کہ اگر ملک میں بولنے کی اجازت ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ ملک کی دھجیاں اڑائی جائیں۔ سابق وزیر اعلیٰ/8



## ایک ٹریکٹر کے اُلٹ جانے سے دو طالب علم موقعہ پر جان بحق

### ٹنگڈار (کپوارہ) میں دلخراش واقعہ، ٹیوشن سے واپس گھر جا رہے تھے

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق سرحدی قصبہ ٹنگڈار کپوارہ میں اُس وقت قیامت صغریٰ ٹوٹ پڑی جب ٹیوشن سینٹر سے گھر لوٹنے والے تین طلبہ ٹریکٹر زیر نمبر JK09B-4871 جو ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر الٹ گیا اور راہ چلتے تین طلاب جن کی شناخت سالہ آریز وبشیر، 8 سالہ آذان سجاد قریشی اور 9 سالہ شہناز احمد مغل ٹریکٹر کے نیچے دب گئے۔ مذکورہ طلاب کو فوری طور ٹنگڈار سب ڈسٹرکٹ اسپتال منتقل کیا گیا جہاں 7 سالہ آریزو اور 8 سالہ آذان سجاد کو ڈاکٹروں نے معائنے کے دوران مردہ قرار دیا جبکہ 9 سالہ شہناز احمد مغل موت وحیات کی کشمکش میں مبتلاء ہے۔ ٹاڈ ٹنگڈار نے ٹریکٹر کے الٹنے اور کمسن طلاب اس کی زد میں آنے کی خبر علاقے میں جنگل کے آگ کی طرح پھیل گئی۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد جائے موقع پر پہنچ گئی۔ ٹریکٹر ڈرائیور اعجاز احمد کی گرفتاری عمل میں لا کر معاملے کی مزید تحقیقات شروع کر دی۔

## VPN کے استعمال پر پابندی کے دائرے میں مزید اضلاع شامل

### کپوارہ، کولگام اور شوپیاں اضلاع میں تازہ ترین نوٹیفکیشن جاری کر دئے گئے

سری نگر، 30 دسمبر (یو این آئی) جموں وکشمیر کے متعدد اضلاع میں ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکام نے اس فیصلے کی بنیاد سیکیورٹی خدشات، مشتبہ انٹرنیٹ سرگرمیوں، اور امن وامان کو درپیش ممکنہ خطرات کو قرار دیا ہے۔ اس پابندی کے بعد کئی اضلاع میں پولیس اور دیگر سیکیورٹی ایجنسیاں موبائل فونز کی نگرانی مزید سخت کر چکی ہیں تاکہ حکم کی خلاف ورزی نہ ہو سکے۔ وادی کے کپوارہ،/7

## گہرے کہرے میں ہوائی جہازوں کے اڑنے اور اُترنے کا سلسلہ معطل

### دہلی کے انٹرنیشنل ائرپورٹ پر 116 پروازیں منسوخ

نئی دہلی/ یو این آئی/ دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر گہرے کہرے کے سبب منگل کے روز 115 سے زائد پروازیں منسوخ کر دی گئیں اور 16 پروازوں کا روٹ تبدیل کیا گیا۔ دہلی ہوائی اڈے کی ویب سائٹ کے مطابق، صبح آٹھ بجے تک مختلف ایئر لائنز کی دہلی سے روانہ ہونے والی 58 سے زائد پروازیں منسوخ کی گئیں۔ اس کے علاوہ دیگر شہروں سے دہلی آنے والی تقریباً 60 پروازیں بھی منسوخ رہیں اور 16 کے روٹ تبدیل کئے گئے۔ اس کے علاوہ 200 سے زائد پروازوں میں تاخیر کی/5





